# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 02 August 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲/ اگست ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **درج فہرست ذاتوں جماعتوں کے زمرے میں ریاستی حکومتیں ذیلی زمرے وضع کرسکتی ہے ' سپریم کورٹ کا فیصلہ**

☆ **وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے آج چھترپتی سنبھاجی نگر کے دورے پر ' سلوڑ میں وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا سے مستفیض ہونے والی خواتین میں فائدے کی تقسیم کا پروگرام**

☆ **انا بھاؤ ساٹھے تحقیقی و تربیتی اِدارے کے دفتر کا وزیراعلیٰ کے ہاتھوں افتتاح**

**اور**

☆ **پیرس اولمپک میں تمغہ حاصل کرنے والے سوپنل کُساڑے کو ریاستی حکومت کی جانب سے ایک کروڑ روپئے کا اعزازیہ**

**اب خبریں تفصیل سے...**

ریاستی حکومتیں درج فہرست ذاتوں جماعتوں کے زمرے میں ذیلی زمرہ جات وضع کرسکتی ہے۔سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ سنایا ہے۔ عدالت کی 7/رکنی بینچ نے سال 2004ء کے ای وی چِن نئی یا معاملے میں 5/رکنی بینچ کے فیصلے کومنسوخ کرتے ہوئے کل یہ فیصلہ سنایا۔ چیف جسٹس دھننجئے چندرچوڑ نے فیصلے میں کہا کہ درج فہرست ذاتوں اور جماعتوں میں مالی و سماجی سطح پر کئی انواع ہیں اِسی لیے سبھی درج فہرست زمروں کو ایک ہی زمرے میں ریزرویشن دینا مناسب نہیں ہے۔عدالت نے کہا کہ سبھی زمروں میں ریزرویشن کا تناسب طئے کرنے کا اختیار ریاستی حکومتوں کو ہے۔

***** ***** *****

ہند کیسری بننے والے پہلوانوں کو ریاستی حکومت کی جانب سے دیا جانے والا اعزاز یہ گزشتہ 11 / برسوں سے نہیں دیا گیا۔ رکن پارلیمان رجنی پاٹل نے کل راجیہ سبھا کی توجہ اِس جانب مبذول کروائی۔ اِس موقعے پر انھوں نے سبھی کھلاڑیوں کا حال اور مستقبل محفوظ کرنے کے لیے خصوصی بورڈ تشکیل دینے کا بھی مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے آج چھترپتی سنبھاجی نگر کے دورے پر آرہے ہیں۔ وہ سلوڑ میں منعقدہ پروگرام میں وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا سے استفادہ کرنے والی خواتین میں Benefit Certificates تقسیم کریں گے۔ اِس تقریب میں ریاستی وزیر برائے مارکیٹنگ عبدالستار بھی موجود رہیں گے۔

***** ***** *****

لوک مانیہ تلک کی 104/ویں برسی اور سماجی مصلح ، عوامی شاعر انا بھاؤ ساٹھے کا 104/ویں یومِ پیدائش کل منایا گیا۔ اِس موقعے پر ممبئی میں وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں انا بھاؤ ساٹھے تحقیقی و تربیتی اِدارے کے دفتر کا افتتاح کیا گیا۔ اِس دوران پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ اِدارہ انا بھاؤ ساٹھے کی ادبی اثاثوں کی بقاء کے لیے جدوجہد کرنے والوں کے لیے روشنی کا مینار ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں کو اِس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ انا بھاؤ ساٹھے کے نام پر اسکالرشپ یا قرض حاصل کرنا کوئی معاشی ذمہ داری نہیں ہے بلکہ سماجی ذمہ داری ہے۔ اِس اِدارے کی ویب سائٹ اور شِکشا ایپ بھی کل متعارف کی گئی۔

اِس موقعے پر نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار نے کہا کہ انا بھاؤ ساٹھے کی یادگار کے لیے خاطر خواہ رقم مختص کی جائے گی۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے صنعت کار سُشیل چپے نے امریکہ کی بین الاقوامی ستارہ و خلائی رجسٹری تنظیم سے رابطہ کرکے ایک ستارے کو لوک شاہیر انا بھاؤ ساٹھے کے نام سے موسوم کیا۔

ناندیڑ میں سابق وزیراعلیٰ رکن پارلیمان اشوک چوہان اور سابق رکن پارلیمان پرتاپ راؤ پاٹل چکھلیکر نے انا بھاؤ ساٹھے کی جینتی کے موقعے پر انھیں خراجِ تحسین پیش کیا۔

***** ***** *****

دھاراشیو میں لوک شاہر انابھاؤ ساٹھے کا قدآدم مجسمہ نصب کرنے کے لیے ریاستی حکومت نے سرکاری دودھ سرد خانے کی ایک ایکر اراضی مختص کردی ہے۔اِس خصوص میں انابھاؤ ساٹھے کے یوم پیدائش کے موقعے پر ہی سرکاری حکم نامہ جاری کیا گیا۔رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

پیرس اولمپک میں مردوں کے 50 ؍میٹر ایئر رائفل تھری پوزیشن زمرے میں کولہاپور کے سوپنیل کُساڑے نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ اِس اولمپک میں بھارت نے یہ تیسرا تمغہ حاصل کیا ہے۔سوپنیل نے 451؍اعشاریہ 4 ؍ پوائنٹ حاصل کیے۔

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے سوپنیل کُساڑے کو اِس قابل فخر کارکردگی پر ایک کروڑ روپئے اعزازیہ دینے کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کُشتی میں بھارت کے لیے پہلا انفرادی تمغہ حاصل کرنے والے کھاشا با جادھو کے بعد سوپنیل کُساڑے نے ریاست کو پہلا انفرادی تمغہ دلایا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے سوپنیل کے کُنبے سے موبائل فون کے ذریعے رابطہ کر کے اُنھیں مبارکباد پیش کی۔

سینٹرل ریلوے نے بھی سوپنیل کُساڑے کی کارکردگی پر انھیں عہدے میں ترقی دی ہے۔ وہ فی الحال درجہ سوم میں برسرخدمت تھے اُنھیں درجہ دوم میں ترقی دی گئی ہے۔اب سوپنیل کو سینٹرل ریلوے کے صدر دفتر میں سی ایس ایم ٹی کے شعبہ کھیل میں خصوصی افسر کا عہدہ دیا گیا ہے۔

صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو ' نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ ' وزیر اعظم نریندر مودی اور دیگر سرکردہ شخصیات نے سوپنیل کُساڑے کی اِس شاندار کارکردگی پر انھیں مبارکباد پیش کی ہے۔

***** ***** *****

اِس اولمپک میں خواتین کے 50؍میٹر رائفل تھری پوزیشن زمرے میں کل انجم مودگل اور صفت کَور کوالیفائنگ راؤنڈ میں نہیں جا سکے۔ مُکّے بازی میں نکہت زرین کو 50؍کلو وزن زمرے کے 16؍ویں راؤنڈ میں چین کی کھلاڑی سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔اسی طرح ہاکی میں بھی بھارت کو بلجیم کی ٹیم نے 0 - 2؍سے شکست دی۔ بیڈمنٹن میں خواتین سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پی وی سندھو کو چین کی کھلاڑی سے 21 - 19؍ اور 14 - 21؍سے ہار ہوئی۔مینس سنگلز میں لکشیہ سین نے بھارت کے ہی ایچ ایس پرنوئے کو 21 - 12؍ اور 21 - 6 ؍ سے شکست دے کر اگلے راؤنڈ میں داخلہ حاصل کرلیا۔

مینس ڈبلز میں ساتوِک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی کو ملیشیاء کی جوڑی سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

***** ***** *****

بھارت اور شری لنکا کے مابین آج سے ایک روزہ کرکٹ مقابلوں کی سیریز کا آغاز ہو رہا ہے۔سیریز کا پہلا مقابلہ آج کولمبو میں کھیلا جائے گا۔ یہ مقابلہ بھارتی وقت کے مطابق دو پہر ڈھائی بجے سے شروع ہو گا۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم یہ خواتین کی عزت افزائی ہے۔قانون ساز کونسل کی ڈپٹی چیئر پرسن ڈاکٹر نیلم گورہے نے یہ بات کہی۔ وہ کل چھتر پتی سنبھا جی نگر ضلعے کے پیٹھن میں وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن سنمان یاترا کے دوران اظہار خیال کر رہی تھیں۔اِس موقعے پر انھوں نے مزید کہا کہ اِس یوجنا کے تحت رکشا بندھن سے پہلے مستحق خواتین کے بینک کھاتوں میں رقم جمع کر دی جائے گی۔انھوں نے بتایا کہ پیٹھن تعلقے میں خواتین کے لیے شناخت بھون قائم کر کے اِس میں خواتین کے لیے کھیل ، تفریح ، کتب خانہ اور بچت گروپوں کی میٹنگ کے لیے سہولیات دستیاب کروانے کا عزم ہے۔

***** ***** *****

شیوسینا کی سیکریٹری نیز ترجمان منیشا کائندے نے بتایا ہے کہ وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کی تشہیر کے لیے شیوسینا کی جانب سے ریاست بھر میں خواتین میلوں کا اہتمام کیا جائے گا۔وہ کل ممبئی میں صحافیوں سے اظہار خیال کر رہی تھیں۔انھوں نے بتایا کہ اِس یوجنا سے مستفیض ہونے کے لیے ہر دن لاکھوں درخواستیں موصول ہو رہی ہیں۔محترمہ منیشا کائندے نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ خواتین کو اِس کا فائدہ مہیا کرنے کے مقصد سے سنمان یاترا کے دوران خواتین میلوں کا اہتمام کر کے اِس یوجنا کی معلومات دی جائے گی۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کے تحت بیڑ ضلعے میں اب تک 3/لاکھ 44/ہزار 876/درخواستیں داخل کی گئی ہیں۔خیال رہے کہ ضلعے میں محصول ہفتوں کے دوران اِس یوجنا کے مستحق خواتین کا اندراج اور درخواستوں کی چھان بین کے مقصد سے خصوصی مہم جاری ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میں ساتارا علاقے کے دیولائی میں تعمیر کیے گئے سنکلپ ون رائی کو عالمی سطح کا اِنوائروکیئر گرین ایوارڈ 2024ء سے نوازا گیا ہے۔ یہ انعامی تقریب حال ہی میں ممبئی میں منعقد کی گئی تھی۔ اِس ایوارڈ کے لیے 7/ ممالک کے مختلف زمروں سے 65/ سے زیادہ تجاویز موصول ہوئی تھیں۔

***** ***** *****

سات بارہ پر زمین کا اندراج کرنے کے لیے 40/ ہزار روپے رشوت لینے والے پربھنی ضلعے کے پھول کڑس بجا کے تلاٹھی دتتا ہون مانے کو محکمہ انسدادِ بدعنوانی نے کل رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ اُس کے خلاف معاملہ درج کرلیا گیا ہے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **درج فہرست ذاتوں جماعتوں کے زمرے میں ریاستی حکومتیں ذیلی زمرہ جات وضع کرسکتی ہے ‘ سپریم کورٹ کا فیصلہ**
- ☆ **وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے آج چھترپتی سنبھاجی نگر کے دورے پر ‘ سلوڑ میں وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا سے مستفیض ہونے والی خواتین میں فائدے کی تقسیم کا پروگرام**
- ☆ **انّا بھاؤ ساٹھے تحقیقی و تربیتی اِدارے کے دفتر کا وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں افتتاح**

**اور**

- ☆ **پیرس اولمپک میں تمغہ حاصل کرنے والے سوپنل کُساڑے کو ریاستی حکومت کی جانب سے ایک کروڑ روپئے کا اعزازیہ**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆